# مجلس مدرسۃ المدینہ (آن لائن) کے

# 26 مدنی پھول



اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ وَالصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰى سَيِّدِ الْمُرْسَلِيْنَ اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ ط بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْم ط

# ”تعلیمِ قرآن دنیا بھر میں عام کریں“ کے 26 حروف

# کی نسبت سے مجلس مدرسۃ المدینہ (آن لائن) کے 26 مَدَنی پھول

**فرمانِ امیر اہلسنّت** دامت برکاتہم العالیہ:

❁ ”**مجھے اپنی اور ساری دنیا کے لوگوں کی اصلاح کی کوشش کرنی ہے**“ اس مَدَنی پھول کو اپنے اور ایک ایک **مَدَنی مُنّے** کے ذِہن میں ایسا راسخ کر دیجئے کہ وہ اس مَدَنی مقصد کو اپنی زندگی کا اُصول بنا لے، اِس طرح اِنْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ آپ کی اپنی **دعوتِ اسلامی** کے ”مَدَنی کام“ کو پرواز کے مَدَنی پَر لگ جائیں گے ❁ مدرَسے میں اور اس کے علاوہ بھی ”پردے میں پردہ“ کیجئے اور طَلَبہ کو بھی اس کا پابند بنائیے۔ انہیں **مَدَنی اِنعامات** کا رِسالہ جمع کروانے کی اتنی ترغیب دی جائے کہ ان کا ذِہن بن جائے کہ مَدَنی اِنعامات پر عمل ہماری زندگی کا لازِمی جُزو ہے ❁ مدرِس پڑھانے میں خواہ کتنا ہی ماہر ہو، بے شک اسکا دَرَجہ پڑھائی کے مُعامَلے میں اوّل آتا ہو مگر میرے نزدیک وُہی مدرّس کامیاب ہے جو ”**دعوتِ اسلامی**“ کے دیئے ہوئے مَدَنی ذِہن کے مطابق طَلَبہ کی اَخلاقی تربیّت کرنے میں بھی کامیاب رہے ❁ اگر آپ کو واقعی **دعوتِ اسلامی سے پیار ہے** تو ہر مَدَنی مُنّے اور طالبِ علم کو خائفِ خدا، عاشقِ مصطفٰے، والِدَین کا فرمانبردار، سنجیدہ، با اَخلاق، زَبان اور آنکھ کے **قفلِ مدینہ** کا عامِل اور ”دعوتِ اسلامی“ کا شَیدا بنانے کیلئے اپنی تمام تر صلاحیتیں لگا دیجئے ❁ مدرَسے کی مجلس کے عنایت کردہ جَدوَل کے مطابق اپنے عَلاقے کے **مَدَنی قافِلوں** میں عاشقانِ رسول کے ساتھ سنّتوں بھرا سفر فرمایا کیجئے ❁ ذِمّے دَاران کی اِطاعت کرتے ہوئے اپنے عَلاقے میں دعوتِ اسلامی کے مَدَنی کاموں کی دُھومیں مچاتے رہیئے اور **مدرسۃ المدینہ** (بالِغان) میں روزانہ پڑھانے کی سعادت بھی حاصل کرتے رہیئے نیز ہر ماہ **مَدَنی اِنعامات** کا رِسالہ بھی جمع کروایئے۔ (تفصیل کے لئے مکتبۃ المدینہ کی مطبوعہ کتاب ”رہنمائے مدرسین“ ص 8 تا 13 کا مطالعہ کیجئے)

❁**1**❁ فرمانِ مصطفٰے صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہ وسلَّم ہے: نِيَّةُ الْمُؤْمِنِ خَيْرٌ مِّنْ عَمَلِهٖ۔ یعنی مسلمان کی نیّت اس کے عمل سے بہتر ہے۔ (المعجم الكبير للطبراني، الحديث: ٥٩٤٢، ج٦، ص١٨٥) اس لیے مجلس مدرسۃ المدینہ (آن لائن) کا ہر ذِمہ دار امیرِ اہلسنّت دامت برکاتہم العالیہ کے عطا کردہ ”**72 مدنی انعامات**“ میں سے ”**مدنی انعام نمبر 1**“ پر عمل کرتے ہوئے یہ نیّت کرتا رہے کہ:

”میں اللہ عَزَّوَجَلَّ کی رِضا اور اس کے پیارے حبیب صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہ وسلَّم کی خوشنودی کے لیے دعوتِ اسلامی کے شعبے

www.dawateislami.net

''مجلس مدرسۃ المدینہ(آن لائن)'' کا مدنی کام، مدنی مرکز کے طریقِ کار کے مطابق کروں گا، اِنْ شَآءَ اللّٰہ عزَّوَجلَّ۔''

﴿2﴾ مجلس مدرسۃ المدینہ (آن لائن) کے تحت تاحال صرف بیرونِ ملک کے اسلامی بھائی ہی داخلہ لے سکتے ہیں، پاکستان میں فی الوقت مجلس ''فیضانِ مرشد'' کے اسلامی بھائیوں کو داخلہ دیا جاسکتا ہے، مدرسۃ المدینہ (آن لائن) میں فی الوقت (تادمِ تحریر) مدنی قاعدہ، ناظرہ قرآنِ پاک کے ساتھ ساتھ ''نماز کے احکام، فیضانِ نماز، گلدستہ عقائدو اعمال، 163مدنی پھول، اِسلام کی بنیادی باتیں (حصہ 1,2) سے باقاعدہ جدول کے مطابق پڑھنے والوں کی مدنی تربیت کی جاتی ہے۔

﴿3﴾ مدرسۃ المدینہ (آن لائن) کی عمارت کے مکمل کاغذات مجلس اثاثہ جات (دعوت اسلامی) کے طریقِ کار کے مطابق دعوتِ اسلامی کے نام ہونے چاہئیں۔

﴿4﴾ نیا مدرسۃ المدینہ (آن لائن) کھولنے کے لئے مجلس کی طرف سے دی گئی شرائط پر عمل ضروری ہے، مجلس مدرسۃ المدینہ (آن لائن) پاکستان کی تحریری اجازت سے ہی نیا مدرسۃ المدینہ (آن لائن) کھولا جاسکے گا۔

﴿5﴾ اگر کوئی پلاٹ/عمارت یا چلتا ہوا مدرسہ دعوتِ اسلامی کے سپرد کرنا چاہے تو اس کو مدنی مرکز کے دیئے گئے طریق کار کے مطابق (شرعی رہنمائی، اپنے شعبے اور اس علاقے کے متعلقہ رکنِ شوریٰ کی اجازت سے) لیا اور چلایا جائے گا۔

﴿6﴾ مدرسۃ المدینہ (آن لائن) میں مدنی عملہ کی تقرری/تبدیلی اور معزولی، مجلس مدرسۃ المدینہ (آن لائن) اور مجلسِ اجارہ کی مشاورت سے ہوگی۔

﴿7﴾ کوئی بھی پمفلٹ، تحریر و فارم وغیرہ مرکزی مجلس شوریٰ کی اجازت کے بغیر چھاپنے کی اِجازت نہیں۔

﴿8﴾ مدرسۃ المدینہ (آن لائن) میں تعلیمی و امتحانی جدول، مجلس مدرسۃ المدینہ (آن لائن) ہی طے کرے گی۔

﴿9﴾ مدرسۃ المدینہ (آن لائن) کے مدرسین مجلس کی طرف سے دیے گئے جدول کے مطابق روزانہ درسِ فیضانِ سنت دیں اور بعدِ اوقاتِ اجارہ باہر جا کر چوک درس دیں۔ روزانہ فکرِ مدینہ، ہفتہ وار علاقائی دورہ برائے نیکی کی دعوت، ہفتہ وار اجتماع میں اوّل تا آخر شرکت اور جدول کے مطابق ہر ماہ مدنی قافلے میں سفر ﴿مدنی قافلے میں سفر کرنے والے اسلامی بھائی کی کم از کم عمر 22 سال ہے، البتہ 10 سے 21 سال کے اسلامی بھائی کے والد یا سگے بڑے بھائی مدنی قافلے میں سفر کریں تو وہ بھی ان کے ساتھ سفر کرسکتا ہے، 10/12 سال کا مدنی منا جس مدنی قافلے میں اپنے والد یا بڑے بھائی کے ساتھ سفر کر رہا ہو، اس مدنی قافلے میں دوسرے مدنی منے کو سفر نہ کروایا جائے تاکہ سنجیدگی برقرار رہ سکے﴾ کا لازمی معمول بنائیں۔

﴿10﴾ مدرسۃ المدینہ (آن لائن) میں ہر 12 ماہ میں طے شدہ جدول کے مطابق ہر درجہ کی کم از کم 4 مرتبہ تفتیش ہوگی۔

﴿11﴾ مدرسۃ المدینہ (آن لائن) میں کوئی بھی نیا کام یا تبدیلی مجلس مدرسۃ المدینہ (آن لائن) کی تحریری اجازت کے بغیر نہ کی جائے۔

﴿12﴾ اسلامی بھائیوں اور مدنی مُنّوں کو مدرسۃ المدینہ (آن لائن للبنین) (اسلامی بھائیوں/مدنی مُنّوں کے مدرسے) نیز اسلامی بہنوں اور مدنی مُنّیوں کو مدرسۃ المدینہ (آن لائن للبنات) (اسلامی بہنوں/مدنی مُنّیوں کے مدرسے) میں ہی داخلہ دیا جائیگا۔ قاری صاحب (مُدَرِّس)، اسلامی بہنوں اور مدنی مُنّیوں کو یا اسلامی بہن (مُدَرِّسَہ)، اسلامی بھائیوں اور مدنی مُنّوں کو نہیں پڑھا سکتیں اور نہ ہی کہیں مخلوط تعلیمی نظام کی اجازت ہے، یادر ہے مدرسۃ المدینہ (آن لائن) میں کوئی بھی غیر شرعی یا غیر تنظیمی کام کرنے کی قطعاً اجازت نہیں۔

﴿13﴾ مدرسۃ المدینہ (آن لائن) میں پیش آنے والے ہر طرح کے مسائل کا حل تنظیمی طریقِ کار کے مطابق ہی فرمائیں۔ مثلاً مدرس کو کوئی مسئلہ درپیش ہے تو وہ اپنے شفٹ ناظم کو تحریری طور پر پیش کرے، زیادہ تاخیر/مسئلہ حل نہ ہونے/ اطمینان نہ ہونے کی صورت میں بتدریج ناظمِ مکتب/رُکنِ مجلس مدرسۃ المدینہ (آن لائن)/نگرانِ مجلس مدرسۃ المدینہ (آن لائن) پاکستان کو پیش کرے، پھر بھی مسئلہ حل نہ ہوتو اپنے شعبہ سے متعلقہ رکنِ شوریٰ کو پیش کرے۔ جب تک شرعاً واجب نہ ہو جائے کسی کی غلطی کو (بلا اجازت شرعی) دوسرے کے آگے بیان کر کے بدگمانیوں، غیبتوں، چغلیوں اور ایک دوسرے کے عیوب اُچھالنے کا بازار گرم کر کے اپنی آخرت اور دعوتِ اسلامی کے مدنی ماحول کے نقصان کا سبب نہ بنیں۔

﴿14﴾ مدرسۃ المدینہ (آن لائن) کے وہ ذِمہ داران جو مالِ وقف کے امین ہیں، انہیں چاہیے کہ اپنی ذمہ داری کا احساس کرتے ہوئے شرعی تقاضوں کو پورا کرنے کی کوشش فرمائیں۔ اللہ تبارک وتعالیٰ ارشاد فرماتا ہے: وَالَّذِیْنَ هُمْ لِاَمٰنٰتِهِمْ وَعَهْدِهِمْ رٰعُوْنَ ٥ ترجمہ کنزالایمان: ''اور وہ جو اپنی امانتوں اور اپنے عہد کی رعایت کرتے ہیں۔ (پ ۱۸ سورۃ المؤمنون: ۸) صدرالافاضل، حضرت علامہ مولانا مفتی سید محمد نعیم الدین مراد آبادی علیہ رحمۃ اللہ الھادی تفسیر خزائن العرفان میں اس آیت کے تحت فرماتے ہیں: ''خواہ وہ امانتیں اللہ کی ہوں یا خلق کی اور اسی طرح عہد، خدا کے ساتھ ہوں یا مخلوق کے ساتھ۔ سب کی وفا لازم ہے''۔

﴿15﴾ مدرسۃ المدینہ (آن لائن) کے تمام ذمہ داران اپنے تحت کام کرنے والے اجیر اسلامی بھائیوں کی امیر اہلسنّت دامت برکاتہم العالیہ کے رسالے ''حلال طریقے سے کمانے کے 50 مدنی پھول'' کے مطابق مدنی تربیت فرماتے رہیں، نیز انہیں مدنی مرکز کی طرف سے دیئے گئے جدول پر عمل کرنے کا پابند کریں، جو اجیر (اُجرت پر کام کرنے والا) اپنا کام مکمل نہیں کرتا یا سُستی، کاہلی کی وجہ سے کوتاہی کرتا ہے تو جس قدر کام میں کوتاہی کی اُتنی اُجرت لینے کا مستحق نہیں، اس پر لازم ہے کہ اتنی رقم کی کٹوتی کروائے۔ اگر کام میں سُستی کرنے کے باوجود پوری اُجرت لیتا رہا تو توبہ کے ساتھ ساتھ اتنی رقم لوٹانا بھی لازم ہوگا لوٹائے بغیر بَریُٔ الذِّمہ نہ ہوگا۔

امامِ اہلسنت، مجدّدِ دین وملت، حضرت علامہ مولانا شاہ امام احمد رضا خان علیہ رحمۃ الرحمٰن فرماتے ہیں: ''کام کی 3

www.dawateislami.net

حالتیں ہیں (۱) سُست (۲) معتدل (۳) نہایت تیز، اگر مزدوری میں سُستی کے ساتھ کام کرتا ہے، گنہگار رہے اور اس پر پوری مزدوری لینی حرام ہے، اتنے کام (یعنی جتنا اس نے کیا) کے لائق جتنی اُجرت ہے لے، اُس سے جو کچھ زیادہ ملا مستاجر (جس کے ساتھ اجارہ کا معاہدہ کیا) کو واپس دے''۔(فتاوی رضویہ جلد ۱۹ ص ۴۰۷)

﴿16﴾ مدرسۃ المدینہ (آن لائن) کے ذریعے جو بھی مدنی عطیات اکھٹے ہوں، وہ مجلسِ مالیات کو جمع کروائیں، طے شدہ اخراجات مجلس مالیات سے گوشوارہ دے کر حاصل فرمائیں، اپنے طور پر مدنی عطیات جمع کر کے، خرچ کرنے کی اجازت نہیں (مکتب (مدرسۃ المدینہ آن لائن کی عمارت) میں دعوتِ اسلامی کے مدنی عطیات بکس (Box) کی ترکیب ہونی چاہیے، اطراف کی دُکانوں وغیرہ میں جو مدنی عطیات بکس رکھے جائیں، اس کی ترکیب مجلس مدنی عطیات بکس ہی کرے گی۔

﴿17﴾ **مَدَنی قافلہ، مَدَنی انعامات، مختلف کورسز کے ماھانہ اھداف:** مدرسۃ المدینہ (آن لائن) کے ہر سطح کے ذمہ داران، اپنے نگرانِ مجلس کے مشورے سے مدنی قافلوں، مدنی انعامات اور دیگر کورسز کے ماہانہ اہداف طے کریں اور اس کے لئے بھر پور کوشش بھی فرمائیں۔

﴿18﴾ **ذمہ داران کی تقرری کی ترکیب:**

| # | ذمہ دار | سطح |
|---|---|---|
| | مدرس | کم و بیش 14 طلبہ |
| | جز وقتی مدرس | کم و بیش 8 طلبہ |
| | شفٹ ناظم | کم از کم 6 تا 12 درجات |
| | معاون ناظم | 18 سے زائد درجات پر |
| | ناظم مکتب | 2 سے 6 شفٹیں |

| # | ذمہ دار | سطح |
|---|---|---|
| | مفتش برائے مدرس | کم از کم 6 تا 12 درجات |
| | مفتش برائے طلبہ | کم از کم ایک شاخ پر |
| | کابینات ذِمہ دار | کابینات |
| | نگرانِ مجلس | ملک |
| | رکنِ شوریٰ | مجلس مدرسۃ المدینہ (آن لائن) |

❁ جز وقتی شفٹ میں 7/8 طلبہ پر 1، جبکہ کل وقتی میں 14 طلبہ پر 1 مدرس کا تقرر ہوگا ❁ 8 سے 12 درجوں یعنی 8 سے 12 مدرسین پر ایک شفٹ ناظم اور ایک ریکارڈنگ سننے والے اسلامی بھائی ہوں گے، 12 درجوں سے زیادہ ہونے کی صورت میں ضرورتاً ایک معاون اسلامی بھائی کا تقرر کیا جا سکتا ہے جبکہ 24 درجات ہو جانے پر 2 شفٹیں بنائی جا سکتی ہیں ❁ کم از کم 2 اور زیادہ سے زیادہ 6 شفٹوں پر 1 ناظمِ مکتب کا تقرر ہوگا، ایک ہی عمارت میں 6 سے زیادہ شفٹیں ہونے کی صورت میں ان سب پر 1 ہی ناظمِ مکتب

مقرر کیا جاسکتا ہے ❁ 72 سے زائد درجوں پر رکنِ مجلس مدرسۃ المدینہ (آن لائن) مقرر رہوں گے ❁ جوں جوں اس شعبے کی شاخیں کھلتی جائیں گی، مجلس میں اضافہ ہوتا چلا جائے گا ❁ کابینات ذِمہ داران، پاکستان سطح کی مجلس کے رُکن ہیں، اسی مجلس میں سے ایک مدنی انعامات، ایک مدنی قافلہ ذمہ دار اور ایک کارکردگی ذمہ دار ہوں گے ❁ ایک رکنِ مجلس برائے ایڈمیشن مکتب اور تعلیمی امور ❁ ایک رکن برائے تربیتی کورسز و ٹیسٹ مجلس ہوں گے ❁ مختلف ممالک میں مُلکی سطح پر مجلس ہوگی، جو رکنِ شوریٰ کے تحت ہوگی۔ (بیرونِ ملک والے ذمہ داران، متعلقہ رکنِ شوری کی اجازت کے بغیر ذمہ دار نہ بنائیں) ❁ یاد رہے! کسی بھی سطح کے اراکین و نگران کی تقرری کے لئے متعلقہ سطح کے نگران کی اجازت ضروری ہے۔ (امیرِ اہلسنّت دامت برکاتہم العالیہ ہر مجلس میں مدنی اسلامی بھائی کے ہونے کو پسند فرماتے ہیں)

## ❁19❁ کارکردگی فارم و مَدَنی مشوروں کی تاریخیں و مَدَنی پھول

| # | تاریخ | مَدَنی مشورہ لینے والے | سطح | شرکاء | مَدَنی پھول |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | 3 | شفٹ ناظم | شفٹ | مدرسین | انفرادی کارکردگی، تعلیمی کارکردگی، خود کفالت، ترقی و تنزلی کا جائزہ، اگلے ماہ کے اہداف وغیرہ |
| 2 | 4 | ناظمِ مکتب (2 سے 6 شفٹیں) | (2 سے 6 شفٹیں) | شفٹ ناظمین | // |
| 3 | 6 | رکنِ مجلس مدرسۃ المدینہ (آن لائن) | کابینات | ناظمینِ مکتب | // |
| 4 | 8 | رکنِ شوریٰ، نگرانِ مجلس | ملک | کابینات ذِمہ داران | // |

**وضاحت**: **رُکنِ شوریٰ/نگرانِ مجلس**، پاکستان سطح کی مجلس کا **ہر ماہ مدنی مشورہ** فرمائیں، ایک ماہ **بذریعہ انٹرنیٹ** اور ایک ماہ **بالمشافہ**

❁ **کارکردگی جمع کروانے کی تاریخیں**: ❁ شفٹ ناظم:2 ❁ ناظمِ مکتب:3 ❁ رکنِ مجلس:4 ❁ ملک:7

❁20❁ مدنی مشوروں کی کثرت سے بچنے کے لیے مقرر کردہ سطح کے علاوہ کسی اور سطح کا مدنی مشورہ لینے کے لیے متعلقہ نگران سے اجازت ضروری ہے۔ ❁ جب بڑی سطح کے ذمہ دار دیگر سطح کے ذمہ داران کا مدنی مشورہ کرلیں تو اس ماہ ان کا ماہانہ مدنی مشورہ نہیں ہوگا ❁ اسی طرح جس ماہ نگرانِ کابینہ / مجلس، شعبے کے ذمہ داران کا مدنی مشورہ فرمائیں گے، اس ماہ بھی شعبہ ذمہ داران ماہانہ مدنی مشورہ نہیں کریں گے۔ (شعبے کے مدنی کام کو مضبوط اور منظّم کرنے کے لیے وقتاً فوقتاً اپنے متعلقہ نگرانِ کابینات سے شعبے کے اسلامی بھائیوں کا مشورہ کروانا مفید ہے۔)

﴿21﴾ پاکستان/ بیرونِ ملک سطح کے ذمہ دار ہر مدنی ماہ کی 7 تاریخ تک کارکردگی پاکستان انتظامی کابینہ/مجلس بیرونِ ملک مکتب اور متعلقہ رکنِ شوریٰ کو میل کر دیں۔ (یاد رہے! کارکردگی مَدَنی مشورے سے مشروط نہیں، اگر کسی وجہ سے مَدَنی مشورہ نہ ہو سکے تب بھی مقررہ تاریخ پر اپنے نگران کو کارکردگی پیش کر دیں)

﴿22﴾ ناظمین مکتب/ رکنِ مجلس ہر ماہ کا پیشگی جدول مدنی ماہ کی 19 تاریخ تک اپنے نگرانِ مجلس سے منظور کروائے، پھر اس کے مطابق پیشگی اطلاع کے ساتھ اپنے جدول پر عمل کرے اور مہینہ مکمل ہونے کے بعد 3 تاریخ تک کارکردگی جدول اپنے نگرانِ مجلس کو پیش کریں۔

﴿23﴾ متعلقہ نگرانِ مشاورت سے مربوط رہیں، انھیں اپنی کارکردگی سے آگاہ رکھیں اور ان سے مشورہ کرتے رہیں۔ جو نگرانِ مشاورت سے جتنا زیادہ مربوط رہے گا وہ اتنا ہی مضبوط ہوتا جائے گا۔ ان شاءاللہ عزوجل

﴿24﴾ متعلقہ رکنِ شوریٰ اور نگرانِ مجلس (پاکستان) کی اجازت سے 41 سے 63 دِنوں میں 1 بار اپنے شعبے کے تربیتی اجتماع کی ترکیب کرتے رہیں تاکہ ذِمہ داران وقاری صاحبان کی تربیت کا سامان ہوتا رہے۔

﴿25﴾ **یاد رہے** کہ متعلقہ رکنِ شوریٰ/ مجلس بیرونِ ملک ضرورتاً ان مدنی پھولوں میں تبدیلی کر سکتے ہیں۔

## ﴿26﴾ ذمہ داران اپنی دنیا اور آخرت کی بہتری کے لئے مندرجہ ذیل امور کو اپنانے کی کوشش فرمائیں:

- فرض علوم سیکھنے کی کوشش کرتے رہیں۔ فرض علوم سیکھنے کے لیے کتبِ امیرِ اہلسنّت، بہارِ شریعت، فتاویٰ رضویہ، احیاء العلوم وغیرہ کے مطالعہ کی عادت بنائیں۔
- مدنی حلیے ﴿**داڑھی**، زُلفیں، سر پر سبز سبز عمامہ شریف (سبز رنگ گہرا یعنی ڈارک نہ ہو) کلی والا سفید کُرتا سنّت کے مطابق آدھی پنڈلی تک لمبا، آستینیں ایک بالشت چوڑی، سینے پر دل کی جانب والی جیب میں نُمایاں مسواک، پاجامہ یا شلوار ٹخنوں سے اُوپر (سر پر سفید چادر اور پردے میں پردہ کرنے کیلئے **مدنی انعامات** پر عمل کرتے ہوئے کتھئی چادر بھی ساتھ رہے تو مدینہ مدینہ)﴾ کی پابندی کریں۔
- عملی طور پر مَدَنی کاموں میں شریک ہوں، روزانہ کم از کم 2 گھنٹے مدنی کاموں میں صرف کیجئے مثلاً مدنی قافلے میں سفر اور مدنی انعامات پر عمل کے لئے روزانہ فکرِ مدینہ کا ذہن دینے کے لیے کم از کم 2 اسلامی بھائیوں پر انفرادی کوشش، علاقائی دورہ برائے نیکی کی دعوت، مدرسۃ المدینہ بالغان، بعدِ فجر مَدَنی حلقہ، صدائے مدینہ، چوک درس، پابندئ وقت کے ساتھ اوّل تا آخر ہفتہ وار اور دیگر اجتماعات میں شرکت وغیرہ۔
- اپنی اصلاح کی کوشش کے لیے مدنی انعامات پر عمل کے ساتھ ساتھ روزانہ فکرِ مدینہ کرتے ہوئے ہر ماہ مدنی انعامات کا رسالہ اپنے ذمہ دار کو جمع کروائیں اور ساری دُنیا کے لوگوں کی اصلاح کی کوشش کے لیے عمر بھر میں یکمشت 12 ماہ، ہر 12 ماہ

میں 30 دن اور ہر 30 دن میں کم ازکم 3 دن جدول کے مطابق مدنی قافلے میں سفر کی ترکیب بناتے رہیں۔

❁ بلاناغہ **فکرِ مدینہ** کرتے ہوئے عطّار کا **دوست، پیارا، منظورِ نظر اور محبوبِ عطّار** بننے کی سعی جاری رکھیے، اِستقامت پانے کے لئے کم ازکم 3 دن کے **مدنی قافلے** میں سفر کو اپنا معمول بنالیجئے نیز ضروری گفتگو کم لفظوں میں کچھ **اشارے** میں اور کچھ **لکھ کر** کرنے کی کوشش کے ساتھ ساتھ **نگاہیں جھکا کر** رکھنے کی ترکیب بنائیے۔

❁ اراکینِ مجلس، **مدنی انعام نمبر 47** پر عمل کرتے ہوئے روزانہ کم ازکم **1 گھنٹہ 12 منٹ مدنی چینل** دیکھنے کی ترکیب بنائیں نیز ہفتہ وار Live **مدنی مذاکرہ** دیکھنے کے ساتھ ساتھ دیگر **ریکارڈڈ مدنی مذاکروں** اور مدنی چینل کے سلسلوں کو اہتمام کے ساتھ دیکھنے کی مدنی التجاء ہے۔

❁ مرکزی مجلسِ شوریٰ، کابینہ اور اپنے شعبے کے مدنی مشوروں کے ملنے والے مدنی پھولوں کا خود بھی مطالعہ کیجئے اور متعلقہ تمام ذمہ داران تک بروقت پہنچانے کی ترکیب بنائیے۔

❁ دورانِ مدنی کام وملاقات امیرِ اہلسنّت، بانیٔ دعوتِ اسلامی حضرت علامہ مولانا ابو بلال محمد الیاس عطّار قادری دامت برکاتہم العالیہ کے ذریعے سلسلۂ عالیہ قادریہ رضویہ عطاریہ میں مرید/طالب بنانے کی کوشش کرتے رہیں، مرید/طالب ہوجائیں تو مجلس مکتوبات وتعویذاتِ عطاریہ سے مکتوب کی ترکیب اور شجرۂ قادریہ، رضویہ، ضیائیہ، عطاریہ حاصل کرنے اور روزانہ پڑھنے کی ترغیب بھی دِلائیں۔

❁ مَدَنی کام استقامت کے ساتھ کرنے کے لئے بالخصوص مَدَنی انعام نمبر 24 اور 26 کے عامل بن جائیں ❁ مَدَنی انعام نمبر 24: کیا آج آپ نے مرکزی مجلسِ شوریٰ، کابینات، مشاورتیں و دیگر تمام مجالس جس کے بھی آپ ماتحت ہیں، ان کی (شریعت کے دائرے میں رہ کر) اِطاعت فرمائی۔ ❁ مَدَنی انعام نمبر 26: کسی ذمہ دار (یا عام اسلامی بھائی) سے برائی صادر ہو جائے اور اصلاح کی ضرورت محسوس ہو تو تحریری طور پر یا براہِ راست مل کر (دونوں صورتوں میں نرمی کے ساتھ) سمجھانے کی کوشش فرمائی یا معاذ اللہ عزَّوَجَلَّ بِلا اجازتِ شرعی کسی اور پر اظہار کر کے غیبت کا گناہِ کبیرہ کر بیٹھے؟

## مرکزی مجلسِ شوریٰ ﴿دعوتِ اسلامی﴾

**مَدَنی مقصد**: مجھے اپنی اور ساری دنیا کے لوگوں کی اصلاح کی کوشش کرنی ہے۔ اِنْ شَآءَ اللّٰہ عزَّوَجَلَّ

**تاریخِ اجراء**: ۲۹ شعبان المعظم ۱۴۳۵ / 28 جون 2014ء

www.dawateislami.net